ہیپاٹائٹس سی

ایڈمنز

حکیم و ڈاکٹر سید رضوان شاہ اینڈ ڈاکٹر و حکیم تنویر اقبال بٹ

PDF MAKER HAKEEM QAYUM KHAN

یونیفکیشن طبی فاؤنڈیشن پاکستان

Hepatitis C

ہیپاٹائٹس سی

ہیپاٹائٹس سی کے اسباب، ماہیت مرض، درجات مرض، پیتھولوجی، علامات، تشخیص، احتیاطی تدابیر، علاج اور پرہیز، پر سبھی ممبرز روشنی ڈالیں اور اپنا مجرب علاج شیئر کریں۔

آسان علاج یرقان اے بی سی کے لیے

پھٹکنڈا کے تازہ سبز پتے تین گرام

پیپل کا چھلکہ تین گرام

Free Tibi Nayab Books

دونوں کو ڈنڈے کونڈے میں اچھی طرح رگڑیں جب دونوں حل ہو جائیں تو ایک گلاس تازہ پانی ڈالکر

باریک کپڑے سے چھانکر

ایک رتی میٹھا سوڈا شامل کر کے استعمال کریں

ایک ہفتہ یا پندرہ دن بعد ٹیسٹ کرائیں

کامل شفا ہو گی

ان شاء اللہ

نوٹ

چاہیں تو حسب ضرورت شہد یا مصری بھی استعمال کر سکتے ہیں

عبدالکریم آزاد

آسان و مفید ترکیب یرقان کے لیے

کچھ دوستوں نے پوچھا تھا تو لیجیے جناب یرقان اے بی سی کے لیے مفید ھے

پیپل درخت کا اوپر والا چھلکا اتار کر اس کے درمیان میں جو چھلکا گودا ھے نکالیں وزن ایک پاؤ ہو

اس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے اس کو ایک مٹکے میں بھگو دیں چوبیس گھنٹا بعد آپ نے جب بھی

پانی پینا ہو تو اس مٹکے کا پانی پییں دن رات جو عام روٹین میں استعمال کرتے ہیں اب اسی طرح اس مٹکے کا

پانی بیس دن استعمال کریں اگر اس دوران پانی میں بو پیدا ہو جائے تو نیا پانی بنالیں

روزانہ جتنا پانی استعمال کریں اتنا نیا پانی مٹکے میں ڈالتے جائیں

ان شاء اللہ بیس دن میں کامل شفاء ہو گی

عبدالکریم آزاد

جن لوگوں کو یرقان ہو اور یرقان کی وجہ سے باہر ملک جانے میں دشواری پیش آ رہی ہو تو دو تین دن

پہلے یہ ترکیب استعمال کریں امید ہے ٹیسٹ نارمل آئے گا

ان شاء اللہ

ہیپاٹائٹس کے لیئے میرا معمول مطب

سہاگہ بریاں دو سو گرام۔

اصل السوس تین سو گرام۔

ریوند عصارہ تین تولہ۔

سقمونیا ولایتی دو تولہ۔

سب کو سفوف بنا کر دو گھنٹے مسلسل کھرل کر کے پانچ سو ملی گرام سے ڈھائی سو ملی گرام تک مرض و مریض کی کنڈیشن کے مطابق صبح و شام ہمراہ عرق مکوہ ایک کپ۔ عرق کاسنی ایک کپ اور عرق برنجاسف آدھا کپ تینوں عرقیات کو ملا کر کھانے کے ایک گھنٹہ بعد استعمال کریں۔

اسکے ساتھ۔ رفیق جگر۔ کیپسول کھانے کے تیس منٹ بعد استعمال کریں

رفیق جگر۔

ہلدی۔

ملٹھی

سونف

قسط شیرین

ہر ایک پچاس پچاس گرام۔

تخم کاسنی سو گرام۔

مکوہ دانہ ستر گرام

کشتہ حلزون در مدار و باتھو دو تولہ۔

سب کو باریک سفوف بنا کر ڈبل زیرو کیپسول صبح دوپہر اور شام ہمراہ آب تازہ۔

غذاء اعصابی عضلاتی و اعصابی غدی اور کبھی کبھی عضلاتی اعصابی بھی کھائیں۔

مندرجہ بالا دونوں نسخے میر ابارہ تیرہ سال سے معمول مطب و بارہا بار کی مجرب ہے اور تمام جگری و کبدی و حار مزمن امراض کے لیئے استعمال کرواتا ہوں کبھی مایوس نہیں کیا۔

حکیم جمیل احمد پیر سباقی۔

ہیپاکیور

پھٹکڑی سفید بریاں سو گرام

نوشادر ٹھیکری پچاس گرام

پتری فولاد 25 گرام

سب ادویہ خوب پیس کر ملالیں۔

خوراک

ایک گرام ہمراہ کسی یا سکنجبین بعد غذا ایک ٹائم روزانہ۔

فوائد

ہیپاٹائٹس سی کیلیئے مفید و مجرب ہے۔

ہیپاٹائٹس سی کیلیئے

دونوں ادویہ پیس کر پھٹکڑی سفید بریاں، قلمی شورہ ہر ایک 500 گرام شیر مدار پچاس گرام۔

شیر مدار ملالیں اور خشک کرکے ایک گرام دوا دن میں تین بار بعد غذا ہمراہ اب تازہ۔

ہیپاٹائٹس سی کیلیئے مجرب نسخہ ہے۔

سفوف ٹھنڈک برائے ابتدائی درجہ ہیپاٹائٹس سی۔

طباشیر بانسی، سرد چینی، بہی دانہ، کوزہ مصری، الائچی سفید، سب ادویہ برادر وزن پیس لیں۔

آدھا کلو دہی میں دس گرام دوا ملا کر روزانہ صبح نہار منہ لیں۔

مفید و مجرب ہے۔

سیاہ سنبھلو

کی جڑ کا تازہ چھلکا حسب ضرورت لے کر باریک ٹکڑے کر لیں اور خشک کر کے پیس لیں۔

خوراک

500 ملی گرام دن میں تین مرتبہ بعد غذاء تین ماہ کورس کروائیں۔

ورم جگر -(Hepatitis)

نسخہ

آک کے زرد پتے اور ہلدی ہموزن لیکر باریک پیس کر رتی رتی کی گولیاں بنالیں اور ذیل کے جوشاندہ سے دیں پہلے روز 5 گولی دوسرے روز 6 اسی طرح بڑھایا جائے یہاں تک کہ 11 گولیاں تک پہنچ جائے. پھر ایک ایک کم کرتے جائیں اور 5 گولی پر لاکر چھوڑ دین انشاء اللہ مرض ختم ہو جائے گا

نسخہ جوشاندہ

بیخ کاسنی-بیخ سونف-برنجاسف-مکوہ خشک-کنوار گندل-ہر ایک. ایک ایک تولہ لیکر پاؤ بھر پانی میں جوش دیکر تین چھٹانک رہنے پر اتار کر چھان کر شربت بزوری یا شربت دینار تین تولہ ملا کر پلائیں

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

Hepatitis A, B, C

زخم حیات بوٹی کا تازہ رس ایک کپ نکال کر ایک چٹکی پھٹکری بریاں ملا کر پلا دیں صبح نہار پیٹ چند دنوں کے استعمال سے بلکل آرام ہو جائے گا جگر کی ہر حالات کیلئے. اور جگر کٹ کر دو ٹکڑے کیوں نہ ہوا ہو ٹھیک کر دیتا ہے زبردست ہے اور ہمارا بارہا کا آزمودہ ہے جو کبھی فیل نہیں ہوا

حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

زخم حیات بوٹی

محترم گڈمڈ نہ کریں زخم حیات الگ بوٹی ھے فرید بوٹی الگ بوٹی ھے جل جمنی چار پانچ اقسام ہیں جل جمنی اس وجہ سے کہتے ہیں پانی کو جما دینے والی اس لیئے پانی کو تو گوکھرو کلاں بھی جما دیتا ھے اسی طرح اور بھی بوٹیا موجود ہیں جو پانی کو جما دیتی ہیں۔ اصل فرید بوٹی کو جل جمنی کہتے ہیں۔

ہیاٹائیٹس بی سی

دور کرنے کے لاجواب تحفہ لے کر حاضر ہوا ہوا امید کرتا ہو جو بھی مریض استعمال کریں گے انشاءاللہ سو فیصد مجرب المجرب پاہیں گے ورم جگر جگر کی خرابی بد ہضمی اپھارہ لیور سوراہسسز، اور کالا یرقان بی سی پیلا یرقان استسقاء لغرض جگر کے جملہ امراض کو دور کرنے میں زبردست ہے الحمدللہ رب کریم کے فضل و کرم سے بہت سے مریضوں کو اللہ تعالیٰ نے شفاء بخشی صرف اسی نسخہ کی بدولت

باقی شفاء من جانب اللہ

عرق جگرین خاص الخاص

ھوالشافی

تخم کاسنی، زیرہ سفید ایرانی، دانہ مکو، لکڑی مکو، چوب چینی، ریوند چینی، ریوند خطائی بادیان، برگ پودینہ، ملٹھی مقشر کوڑانڈیا، برنجاسف جوانسہ ہر ایک پاؤ پانی بیس کلو

ترکیب تیاری

جملہ ادویہ کو باریک کر کے پانی میں رات کو بھگو کر رکھیں اور صبح اس کا عرق کشید کریں

مقدار خوراک

ایک کپ صبح شام ہمراہ معجون دبید الورد ایک چمچ چائے والا معجون دبید الورد

ہوالشافی

سنبل الطیب، مصطگی رومی زعفران کشمیری، طباشیر بانسی نمبرون، دار چینی، اذخر مکی اسارون، قسط شیریں، گل غافث تخم کثوث، مجیٹھ، لک مغسول، تخم کاسنی انڈیا تخم کرفس زروند طویل، حب بلسان، عود غرقی، قرنفل دانہ الائچی خورد جملہ ادویہ ہر ایک علیحدہ علیحدہ دس دس گرام شہد خالص تین گنا

جملہ ادویہ باریک پیس کر شہد ملا کر معجون بنالیں ایک چمچ صبح شام ہمراہ عرق جگرین خاص الخاص دیں

اور دعاؤں میں یاد رکھیں اللہ پاک بیماروں کو شفا کاملہ عطا فرمائے آمین

طالب دعا

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرادنیاپور ضلع لودھراں

شربت ٹاہیفاہیڈ

ھوالشافی

خوب کلاں سو گرام مویز منقی ستر گرام, عناب پچاس گرام, برگ گاوزبان چالیس گرام, انجیر پچاس گرام, بنفشہ تیس گرام, اسطوخودوس پچاس گرام چینی دو کلو حسب دستور شربت بنالیں

مقدار خوراک

دو تا چار چمچ دن میں تین تا پانچ بار, فوائد ٹاءفاہیڈ کھانسی بھوک نہ لگنا سر درد بخار کو پہلے دن ہی سے فائدہ شروع ہو جاتا ہے علاوہ ازیں ھیپاٹائٹس کو دور کرنے میں بہترین معاون ہے.

آپکی دعاوں کا طالب

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرادنیاپور

پرانا بخار دور آزمودہ نسخہ عام وخاص کے لیے

ھوالشافی

اجوائن دیسی 5 گرام, مغزبادام, 10 گرام, گلولکڑی اماشہ ترکیب تیاری, تمام ادویہ کورات کوپانی میں بھگوکررکھیں اور صبح کو گھوٹا لگا ئیں اور حسب ذائقہ چینی یاایک چٹکی نمک ملالیں اور صبح خالی پیٹ پی لیں چندیوم متواترپینے سے انشاءاللہ بخاردور ہو گا اور بخار کی دوائی لے کر تنگ آ گیے ہو ایک دفعہ بنائیں یاد کرو گے سردیوں میں ابال کر پییں مجرب ہے مجھے ایک مرتبہ بخار اترتا نہیں تھا میری نانی امی نے بنا کر پلایا اور میں اللہ کے فضل سے بالکل ٹھیک ہو گیا اور بعد میں کئی مریضوں کو بتایا سب او کے آج قارئین کی نظر دعاوں کی درخواست

حکیم محمد سلیم سمرادنیاپور

صرف حکماء کے لیے ہیپاٹائٹس دور

ھوالشافی

زاج ابیض ایک کلو، آب ترب بیس کلو، بول شتر پانچ کلو ڈال کر پکاہ ئیں جب مکمل خشک ہو جاے اسود رنگ کی دوا تیار ہے اور فل سائز کیپسول بھر لیں ایک صبح خالی پیٹ اور ایک کیپسول بوقت عصر ہمراہ شربت بزوری اکتالیس یوم کے بعد ٹیسٹ کرواہ ئیں نتائج آپ کے سامنے انشاءاللہ ہیپاٹاہ ئیٹس سے ہمیشہ کے لیے چٹھکارہ پاہ ئیں

آپکی دعاوں کا طالب

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور

ہیپاٹائٹس بی اور سی

ھوالشافی

زرشک 50 گرام زیرہ سیاہ 30 گرام املی 50 گرام آلو بخارہ 100 گرام جو کھار 20 گرام نوشادر ڈنڈا 20 گرام جی یہ نسخہ یرقان سی کے لئے ھے ان تمام چیزوں میں 2 کلو پانی ڈال کر جوش دیں جب ایک کلو پانی رہ جاے تو اتار کر چھان لیں اور تین پاؤ چینی ڈال کر شربت تیار کر لیں

مقدار خوراک

3 چمچ ایک گلاس پانی میں ملا کر صبح خالی پیٹ پی لیں دوسری خوراک شام 6 بجے دیں

اس کہ ساتھ یہ سفوف بہت فائدہ مند ہیں اس سفوف کو میں سفوف حیات کہتا ہوں

۱۰۰ گرام milk thistle ھواشافی:۔ اونٹ کٹارا کی بیج

تخم کاسنی ۱۰۰ گرام

بسکھپرا انڈیامیں پُنرنوا کہتے ہیں ۷۰ گرام

کپور کچری ۱۰۰ گرام

کلونجی ۲۵ گرام

ریوند خطائی ۱۰۰ گرام

دیسی ہلدی ۱۰۰ گرام

ان 7 چیزوں کو خوب باریک پیس لے دوا تیار ہیں الحمدللہ

عرق مکوکہ ml مقدار خوراک گرام ۳ سفوف مریض کو صبح وشام دن میں دو وقت دیں 40

کہ وایرس کو ختم کرتا ہیں c اور b ساتھ انشاءاللہ بہت جلد

حکیم عبدالصمد قادری انڈیا ممبی

اس کہ ساتھ میں صبح خالی پیٹ ۲۵ گرام پپیتہ کھانے کے لیے کہتا ہوں اچھا ریزٹ آتا ہیں الحمدللہ

اکسیر جگر فولادی

کونین فولادی کشتہ قلعی پارہ شورے والہ ہیرا کسیس گندھک آملہ سار نوشادر ہر ایک تولہ تولہ ریوند

چینی 3 تولہ سوڈا بائیکارب 4 تولہ

مثل. میدہ سفوف بنالیں خوراک

4 رتی ہمراہ عرق بادیاں 50 گرام کے بوقت صبح

فوائد

ضعف جگر، ہاتھ پاؤں کا ورم، سوء القینہ، ضعف معدہ وامعاء، سانس کا پھولنا، بواسیر بادی، یرقان

اسود، و، اصفر، میں نہایت مفید ہے

جسم میں صالح خون پیدا کر کے چہرہ پر رونق بناتا ہے

سید اعجاز حسین گیلانی

ہیپاٹائیٹس۔سی کا مجرب علاج

علامات

پیشاب کم؛ جگر کا سکڑنا؛ تھکن؛ بھوک کم؛ دردیں؛ ناخن سفید؛ قبض؛ پسلیوں کی نیچے درد؛ معدہ میں میں جلن اور تیزابیت وغیرہ

اسباب

وائرس والا انتقالِ خون؛ ملیریا بخار کا غلط علاج؛ استعمال شدہ سرنج؛ خون آلودہ اوزار؛ چھید کاری کے آلات اور سوئیوں کا استعمال

اجزائے ترکیبی

نوشادر؛ کالی مرچ؛ سنڈھ؛ ریوند خطائی؛ گندھک؛ ست ملٹھی؛ سیاگہ بریاں؛ گل عشر؛ ہلدی؛ گل غافث ؛ افتیمون؛ ہڑتال ورقیہ؛ کوڑ انڈیا

ترکیبِ تیاری

دیئے گئے سب اجزا ھموزن لے کر باریک سفوف تیار کر لیں۔

مقدارِ خوراک

ایک تا تین گرم تازہ پانی کے ساتھ صبح دوپہر شام لیں۔

نوٹ

اس طریقہ استعمال سے ڈیڑھ لاکھ وائرس کا خاتمہ ھو جاتا ھے۔

اور

PCR Not detected آجاتا ہے –

ڈاکٹر سید رضوان شاہ گیلانی

میں نے جگر کے ہر مریض کو استعمال کرواتا ہوں۔

عمدہ رزلٹ ھے

کوڑانڈیاسات حصہ دار چینی ایک حصہ سفوف بنالیں 500 ملی گرام کے دو کیپسول صبح نہار منہ پانی کے ساتھ ایک ماہ بعد پی سی آر رپورٹ کرواں میں عموماً 2 ماہ میں رپورٹ اوکے ہو جاتی ہے

نسخہ یرقان اصفر واسود لاجواب

گل سرخ

گل بنفشہ

گل نیلوفر

گل گاؤزبان

ریوند خطائی

افسنتین

زرشک

سونف

کلونجی

عناب

ہر ایک پانچ پانچ تولہ

کوزہ مصری 750 گرام

طریقہ

سب کو صاف کر کے جو کوٹنے والا ہے کوٹ کر 4 کلو پانی میں بھگو دیں

دوسرے دن آگ پر رکھ کر پکائیں جب 3 پاؤ پانی رہ جائے

تو اتار کر مل کر پن چھان کر کوزہ مصری ڈال کر شربت تیار کریں

خوراک استعمال

دو چمچہ صبح دو چمچہ شام آدھا گلاس پانی میں ڈال کر

صبح شام پانی mg ساتھ شب یمانی آلو بخارے اور املی کے پانی کے ساتھ سوختہ کی ہوئی 500 کے ساتھ بھت ہی لاجواب ھے اور میرا ازمودہ ھے

ایک پاؤ پھٹکڑی سفید کو لوھے کی کڑھائی میں ڈال کر جب پانی بن جائے تو اس میں آلو بخارے اور املی کا تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر خشک کریں بس تیار ھے

آلو بخارا ایک پاؤ املی ایک پاؤ ایک کلو پانی میں رات کو بھگو رکھیں صبح مل کر باریک کپڑے سے چھان لیں یہ پانی شب یمانی میں ڈال کر سوختہ کرنی ہے

حکیم سید ساجد ھاشمی

شربت شفقت یرقانی

ھوالشافی

چرائتہ نیپالی, پوست ہلیلہ زرد, پوست بلیلہ, آملہ, ہر ایک سو گرام, فلفل سیاہ, فلفل دراز افستیتن, تخم کرفس, انیسوں زیرہ سفید, ریوند خطائی, اسطوخودوس, ہر ایک پچیس گرام سنڈھ مویز منقی, بادیان, ناخونہ, انار دانہ, تخم سویا, کلونجی, رائی برگ حناء, برگ پودینہ, ہر ایک پچاس گرام, تیزپات دس گرام

,باوبڑنگ پندرہ گرام چار کلو پانی میں رات کو بھگو کر رکھیں صبح ہلکی آنچ پر پکاہ ئیں جب پانی دو کلورہ جاے تو چھان لیں اور آب کھٹکل, آب مکو آب کاسنی, آب باتھو آب شاہترہ, ہر ایک کلو آب دھنیا سبز, آب مولی, آب پالک آب افتیموں, ہر ایک آدھا کلو, آب مالٹاڈیڑھ کلو اب اوپر والا ادویہ کا پانی اور یہ پانی ملا کر چینی ملا کر شربت پکاہ ئیں

مقدار خوراک

دو چچ ہمراہ آب تازہ یا مناسب بدرقہ دیں فوائد, یرقان ہیپاٹاہٹس اے بی سی جگر کی اصلاح کرتا ہے

آپکی دعاؤں کا طالب

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا

یرقان دور کیپسول

ھوالشافی

ریوند خطائی, زرد چوب برابر وزن باریک پیس لیں فل سائز کیپسول بھر لیں ایک تا دو کیپسول صبح شام ہمراہ کوی عرق جگر سے دیں یا پانی دو ماہ کا استعمال کافی ہے, فوائد ہمہ قسم کا یرقان دور کرنے میں مجرب ہے.

آپکی دعاوں کا طالب

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور

شربت بزوری جدید

ھوالشافی

جڑ کاسنی, تخم کاسنی, بیخ بادیان, بادیان, مغز خربوزہ, مغز کھیرا, گوکھرو, تخم کثوث, زرشک شیریں, گل نیلوفر آلو بخارہ ہر ایک سو گرام چینی پانچ کلو شربت بنالیں لیں دن میں تین بار ہمراہ سفوف اکسیر جگر پانچ رتی دیں, سفوف اکسیر جگر ریوند چینی, قلمی شورہ مصفی نمبر ون,, نشادر نمبر ون برابر وزن سفوف بنا لیں, فوائد ہیپاٹائٹس دور کرنے میں مجرب ہے آپکی دعاوں کا طالب

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرا دنیاپور

چورن اکسیر معدہ

ھوالشافی

زنجبیل, سوڈابائی کارب, آلائچی خورد, نشادر, برابروزن لے کر باریک کر لیں

مقدار خوراک

پانچ رتہ تا ایک ماشہ ہمراہ پانی, فوائد.. خصوصا ہیپاٹائٹس کے مریضوں کو دیتا ہو مشتہی ہے جگر کی اصلاح کرتا ہے ریاح تبخیر معدہ ضعف ہضم دور کرنے میں مجرب ہے .

آپکی دعاوں کا طالب

حکیم محمد سلیم شہزاد سمرادنیا پور

ہیاٹائیٹس سی تو نہیں ہیاٹائیٹس اے

طالبعلمی کے زمانے میں ہوا تھا مجھے تب ایک استاد محترم کے مشورہ سے ہمدرد کی اکٹرین گولیاں استعمال کی تھیں ہمراہ معجون دبیدالورد تو بہت جلد افاقہ ہوا تھا

جوشاندہ ہیپاٹائٹس سی

ھوالشافی

مکو 25 گرام سونف 3 گرام تخم کاسنی 25 گرام

پانی ایک کلو میں ڈال کر پکنے کے لیے چولہے پر رکھ دیں جب ایک کپ رہ جائے تو پن. چھان کر 2 چمچ شربت دینار ملا کر نیم گرم پلائیں ناشتے کے 2 گھنٹہ بعد و شام کھانے کے بعد

دن بعد رپورٹ کروائیں میرے مطب کا خاص نسخہ ھے 15

سید اعجاز حسین گیلانی

نسخہ یرقان سیاہ

ھوالشافی

صدف صادق 1 پاؤ

مولی 3 کلو مولی کو کدو کش کر کے صدف صادق کے ٹکڑے درمیان میں رکھ کر گلحکمت کر کے ایک

من اپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہو گا پہچان یہ ھے کہ ھاتھ سے پس جائے

ملی گرام کے کیپسول بھر لیں 500

خوراک

ایک کیپسول صبح شام پانی سے 3 ماہ

فوائد

یرقان اسود کیلیے اس سے آسان اور اچھی دوائی میں نے نہیں دیکھی

سید اعجاز حسین گیلانی

امراض جگر ورم جگر پرانے بخار وغیرہ میں بہت مفید ہے

قبلہ رضوان شاہ صاحب یہ نسخہ میرا نہایت مجرب ھے سمجھ لیں کہ آج اپنا دل نکال کر آپکی خدمت

میں پیش کر دیا ھے

گل غافث۔ تخم کرفس۔ سوئے سونف اجوائن دیسی گل سُرخ دھماسہ ریوند چینی تمام 5+5 تولہ تخم کاسنی زرشک شیریں 15+15 تولہ تمام ادویات کو کوٹ کے 15 کلو پانی میں بھگو کر بارہ بوتل عرق کشید کر لیں تمام عرق کو اکٹھا کر کے گرم کریں اور دس گرین سوڈیئم بینزوٹ فی بوتل کے حساب سے شامل کریں پھر اس میں میگ سلفاس آدھ پاؤ نوشادر ٹھیکری 2 تولہ فی بوتل شامل کریں اس عرق کو ھم جگر پارہ کے نام سے بناتے ہیں جو کہ امراض جگر میں مستعمل ہے یہ امراض جگر ورم جگر پرانے بخار وغیرہ میں بہت مفید ہے اس کو مناسب بدرقہ یا دوسری ادویات کے ساتھ ملا کر استعمال کرواتے ہیں مثلاً صرف عرق بغیر نوشادر اور سالٹ کے پانچ ملین ثلاثہ اور ایک ملین ثلاثہ کے اور عرق بزوری ملا کر دینے سے صفراوی اور سوداوی مواد کو بہت جلد خارج کر دیتا ہے اسکے علاوہ شربت دینار دبید الوردو غیرہ کے ساتھ ملا کر بھی حسب حال مریض استعمال کرواتے ہیں اگر قبض ہو میگ سلفاس والا مرکب استعمال کرواتے ہیں نہیں تو اکیلا عرق مقدار **خوراک**

آدھا کپ صبح دوپہر شام یا حسب حال مریض

ہیپاٹائٹس سی کے لیے

زاج سرخ بریاں

کافور اصلی

الائچی خورد کے بیج

برابر وزن

مقدار خوراک

صبح دوپہر شام 1000mg

حکیم وڈاکٹر محمد شاہد ریاض جوہر آبادی

گرم تر مزاج کی حامل بوٹی ھے اسکا عرق نمونیے کو اکسیر ھے پتھر کو پھوڑ دیتی ھے احتلام کا تریاق ھے آنتوں کے ورم کو تحلیل کر دیتی ھے۔ بہت اعلی بوٹی ھے

انڈیا والے اسکوٹَن ٹنی بوٹی کہتے ہیں

تپ لرزہ میں اور نمونیا میں استمال کرتے ہیں جو کہ اکثر سردیوں میں بچوں کو لاحق ھوتا ھے۔

سینور۔ سہوار۔ بریارا۔ بریالہ۔ چکنا مول طبی نام ھے

مصفی خون اعلی درجہ ھے مزاج کے اعتبار سے گرم تر ھے کچھ لوگ خشک گرم خیال کرتے ہیں ذائقہ تیز تلخ۔ سانپ کے زھر کا تریاک ھے جریان و پتھری میں پانی میں گھس کر پلائی جاتی ھے محلل اورام ھے درد کو تسکین دیتی ھے چہرہ کی غدی جھائیوں و مفید ھے شوگر پر اچھے نتائج ہیں مقدار خوراک ایک تا تین ماشہ ھے ویرانوں اور سڑکوں اور کھیتوں کے کنارے گرم خشک علاقوں میں بکثرت پائی جاتی ھے۔

آسان علاج یرقان اے بی سی کے لیے

پھگنڈا کے تازہ سبز پتے تین گرام

پیپل کا چھلکہ تین گرام

دونوں کو ڈنڈے کونڈے میں اچھی طرح رگڑیں جب دونوں حل ہو جائیں تو ایک گلاس تازہ پانی ڈالکر باریک کپڑے سے چھانکر

ایک رتی میٹھا سوڈا شامل کر کے استعمال کریں

ایک ھفتہ یا پندرہ دن بعد ٹیسٹ کرائیں

کامل شفاہو گی

ان شاءاللہ

نوٹ چاہیں تو حسب ضرورت شہد یا مصری بھی استعمال کر سکتے ہیں

عبدالکریم آزاد

السلام علیکم ورحمتہ اللہ

دوستو۔ ٹاپک تھا ہیپاٹائٹس سی کا علاج۔ درج زیل احباب نے ٹاپک میں حصہ لیا اور اپنے اپنے مجرب علاج بتائے۔ ہم ان سب کیلیئے دعگو ہیں اللہ ان کے علم و عمل میں مزید اضافہ کرے۔ اور درجات بلند فرمائے۔

1 حکیم میاں محمد صدیق .

2 حکیم عبدالکریم آزاد.

3 حکیم جمیل احمد پیر سباقی .

4 حکیم سید رضوان شاہ .

5 حکیم رضوان اللہ رفاعی .

6 حکم طیب الحق مرزا .

7 حکیم اعجاز احمد ناصر .

8 حکیم سلیم سمرا .

9 حکیم عبد الصمد قادری .

10 حکیم سید اعجاز حسین گیلانی .

11 حکیم سید حفیظ گیلانی .

12 حکیم محمد ندیم شریف .

13 حکیم ریاض احمد .

14 حکم سید ساجد شاہ ھاشمی .

15 حکیم جواد حفیظ .

16 حکیم احسان اللہ .

17 حکیم اکبر علی سلطانی .

18 حکیم محمد شاہد ریاض .

19 حکیم ذاکر خان سردار .